© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

گزشتہ مہینوں میں ہمارے بہت سے کرم فرما اور مہربان انتقال کر گئے ہیں۔ اراکین ادارہ لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں اور تمام مرحومین کے لئے دعاءِ مغفرت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ دعاء مغفرت و ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

**ملک خدا بخش صاحب مرحوم:** حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ کے رفیق حاجی پیر بخش صاحب مرحوم و مغفور کے فرزند تھے اور بہاولپور گھلواں ضلع بہاولپور کے علاقہ میں رہائش پذیر تھے۔

**ہمشیر مرحومہ حافظ محمد طارق:** ہمارے مہربان اور مخلص معاون محترم حافظ محمد طارق صاحب (بہاولپور) کی ہمشیر صاحبہ۔

**اہلیہ مرحومہ جناب رحمت علی صاحب:** ماڈل ٹاؤن لاہور

**محترم قاضی محمد طاھر علی ہاشمی کو صدمات:** ہمارے رفیق فکر اور مہربان جناب قاضی محمد طاہر علی ہاشمی حویلیاں (ہزارہ) کے خسر مولانا حافظ فضل الرحمٰن مرحوم اور تایاجان حکیم قاضی محمد یونس مرحوم یکے بعد دیگرے رحلت فرما گئے۔

**بھاوج مرحومہ:۔ محترم محمد رفیق صاحب:** بورے والہ میں ہمارے معاون و مہربان محترم محمد رفیق صاحب کی بھاوج مرحومہ۔ انتقال۔ دسمبر ۱۹۹۹ء

**مشتاق احمد صاحب مرحوم:** مجلس احرار اسلام لیاقت پور کے صدر محترم قاری ظہور الرحیم صاحب کے ماموں اور سسر مشتاق احمد صاحب مرحوم۔ انتقال: ۲۳ رمضان، ملتان۔

**میاں محمد اویس کو صدمہ:** مجلس احرار اسلام لاہور کے رہنما اور رکنِ مرکزی مجلسِ شوریٰ میاں محمد اویس کی خوش دامن صاحبہ کا انتقال، مدینہ منورہ

**والدہ مرحومہ:** محترم جام مختیار احمد صاحب، ماہڑہ (ضلع مظفر گڑھ)

**محترم اللہ ڈوایا مرحوم:** (محلہ کوٹلہ تولیخان ملتان) قدیم احرار کارکن اور حضرت سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے رفیق خاص

**والدہ مرحومہ:** محترم حکیم محمد حذیفہ صاحب ملتان۔

**والدہ مرحومہ محترم سید انظہر علی مظہر صاحب (سرگودھا) مرحومہ:** حضرت امیر شریعت کی منہ بولی بیٹی تھیں۔

**وحید چیمہ مرحوم:** رکن مجلس احرار اسلام گجرات۔ جواں سالی میں ٹریفک حادثہ میں شہید ہو گئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




**محترم عقیل صدیقی:** جماعت اسلامی ملتان کے سابق امیر نہایت مخلص دینی و سیاسی اور سماجی کارکن تھے۔

**محمد بوٹا صاحب کو صدمہ:** مدرسہ ختمِ نبوت چناب نگر کے مدرس جناب محمد بوٹا صاحب کی نانی مرحومہ

**حضرت مولانا عبدالحی بھلوی رحمۃ اللہ علیہ** (جانشین حضرت مولانا عبداللہ بہلوی رحمہ اللہ) انتقال ۲۸ جنوری ۲۰۰۰ نشتر ہسپتال ملتان

**حافظ شیر زمان رحمہ اللہ** حضرت مولانا اللہ یار خان رحمہ اللہ کے فرزند، انتقال، مرشد آباد (چکڑالہ)



## سرکلر

### مجلس احرار اسلام کے زیرِ اہتمام ۲۲ ویں سالانہ شہداء ختمِ نبوت کانفرنس

۲، ۳، مارچ ۲۰۰۰ء کو مسجدِ احرار چناب نگر (ربوہ) میں منعقد ہو رہی ہے۔ احرار کارکن اس کانفرنس کو مثالی کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے تیاریاں تیز کر دیں۔

(۱) عنقریب اشتہارات آپ تک پہنچ رہے ہیں۔ انہیں نمایاں طور پر چسپاں کریں۔

(۲) زیادہ سے زیادہ احباب کو شرکت کی دعوت دیں اور قافلوں کی صورت میں پہنچیں۔

(۳) ہر کارکن سرخ قمیص ہمراہ لائے اور اجتماع میں پہن کر شریک ہو۔

(۴) طے شدہ نظم کی مکمل پابندی کریں۔

عنقریب مزید ہدایات تمام ذمہ دار حضرات کو ارسال کی جا رہی ہیں۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عطاء المہیمن بخاری
سید عطاء المہیمن بخاری
(مرکزی امیر)

محمد اسحٰق سلیمی
محمد اسحٰق سلیمی
(مرکزی ناظم اعلیٰ)

© rasailojaraid.com